© rasailojaraid.com



مگر قومی اور ملی زوال کے اہم محرکات کو محیط ہے۔ انہوں نے اپنے اس پیغام میں صدر مملکت، کابینہ، مجلس شوریٰ، علماء، امراء، سیاسی جماعتوں جماعتی افتراق کے ذمہ داروں، نظام العلماء کے دونوں دھڑوں اور پاکستان کے ہر شہری کو احساس ذمہ داری دلایا ہے۔ رائے و تجویز سے کامل اتفاق نہ بھی ہو جیسا کہ بعض صورتوں میں ناگزیر بھی ہے لیکن ملی انحطاط و اضمحلال کے اسباب اور قومی ترقی اور ملی و جماعتی بہی خواہی کی اس دعوت پر ہر باشعور انسان کو لبیک کہنا چاہئے۔ شاید کہ اخلاص و ایثار کی باہمی مشاورت سے ملت کی طوفان رسیدہ "نیا" ساحل مراد سے جا لگے۔ (عبدالقیوم حقانی)

اشتراکیت کا حقیقت پسندانہ جائزہ | تصنیف۔ مولانا عبدالودود حقانی۔ فاضل حقانیہ۔ شائع کردہ۔ دارالعلوم عربیہ گجرات۔ ضلع مردان۔ صفحات ۲۶۸ قیمت ۲۰ روپے۔

مولانا عبدالودود حقانی، دارالعلوم حقانیہ کے فاضل اور دارالعلوم عربیہ گجرت کے قابل مدرس ہیں۔ خدا نے ان کو درس و تدریس کے ساتھ ساتھ تحریر و تصنیف کے اعلیٰ ذوق سے نوازا ہے۔ اولاً پشتو زبان میں رد اشتراکیت میں کتاب لکھی۔ جو بے حد مقبول ہوئی۔ اور اب مدیر الحق مولانا سمیع الحق کی خواہش پر اسی کا اردو ترجمہ کر دیا ہے جس میں دہریوں اور کمیونسٹوں کے اعتراضات، سوالات، دلائل و خدشات کے دندان شکن جوابات۔ ان کی مذہب بیزاری جبر و استبداد، ناپاک عزائم پر تحقیقی جائزہ، اور تبصرہ فرمایا اور آخر میں دہریت و اشتراکیت کے سیاہ طوفانی سیلے اور سیلاب سے بچاؤ کا اصل علاج جہاد اور اس کی ضرورت و اہمیت پر عالمانہ اور فاضلانہ گفتگو کی ہے۔ کتاب اس موضوع سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے بہترین تحفہ ہے۔ دلچسپ مضامین اور قیمتی معلومات کی وجہ سے تحریر میں پشتو لہجہ کی جھلک بھی جھلکتی نہیں ہے۔ ملکی سرحدات اور افغانستان کے حالات کے پیش نظر ہر مسلمان کو اس کا مطالعہ لازمی کرنا چاہئے۔ (عبدالقیوم حقانی)

قومی اسمبلی میں
اسلام کا معرکہ
شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ کی سرگرمیاں
ہے صورت شمشیر ہے دست قضا میں وہ قوم کرتی ہے جو ہر زماں اپنے عمل کا حساب
قومی اسمبلی میں جمہوری قومی و ملی مسائل پر قراردادیں مباحثات پارلیمنٹ میں موجود سیاسی پارٹیوں کا موقف، حزب اختلاف اور حزب اقتدار کا اسلامی و ملی مسائل کے بارہ میں رویہ۔ شیخ الحدیث کی تقاریر، اور ان کی قراردادوں پر ارکان اسمبلی کا ردعمل ــــ آئین کو اسلامی اور جمہوری بنانے کی جدوجہد پر کیا گذری، تحاریک التواء، سوالات اور جوابات، مسودہ دستور میں ترمیمات اور تشریحی تقریریں
★ سیاستدانوں کے منشور اور انتخابی وعدے کردار کی کسوٹی پر
★ ایک اہم سیاسی دستاویز
★ ایک آئینہ اور ایک اعمالنامہ
★ ایک ایسی رپورٹ جو اسمبلی کے شائع کردہ سرکاری رپورٹ کے حوالوں سے بھی مستند ہے۔
★ پاکستان کے مرحلہ آئین سازی کی ایک تاریخی داستان اور ایک ایسی کتاب جس سے وکلاء، سیاستدان بھی اور اسلامی سیاست میں منہمک افراد و جماعتیں بھی بے نیاز نہیں ہو سکتیں
★ ایک ایسی کتاب جو جہاد حق اور غلبہ اسلام کے علمبردار علماء کیلئے حجت و برہان بھی ہے۔ اور مستقبل میں اسلامی جدوجہد میں رہنما بھی ـــ کتاب شائع ہو چکی ہے اور ترسیل جاری ہے۔
عمدہ کتابت و طباعت حسین سرورق، قیمت پندرہ روپے، صفحات ۰۰۴
مؤتمر المصنفین اکوڑہ خٹک (پشاور)

© rasailojaraid.com